U63036 .Date- 26.12.08

Title – MEEZANUL HAQ

Creator – Fazal Ahmad Taskheer.

Publisher – Mātba Naami Majtabai (Delhi).

Date – 1311 H

Pages – 72

Subjects – Ahadees; Tafaseer.

قال الشافعی الناس کلہم عیال ابی حنیفۃ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فی الفقہ
حق المیزان
میزان الحق
میزان الحق
من تصنیف حقیر قاضی فضل احمد بن قاضی الہ دین صاحب المتخلص بہ تسخیر ساکن قصبہ
شاہ پور ضلع گورداسپور
برد رسالہ حق المیزان تصنیف سید قطب شاہ صاحب غیر مقلد ساکن موضع گیلن
علاقہ تھانہ حجرہ ضلع منٹگمری
حسب فرمایش مصنف رسالہ ہذا
سنہ ۱۳۱۱ھ
در مطبع مجتبائی واقع دہلی باہتمام محمد عبد الاحد صاحب طبع ہوئی

فہرست مضامین کتاب میزان الحق مع صفحہ

میزان الحق

حصۂ اول

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العلمین والعاقبۃ للمتقین والصلوۃ والسلام علیٰ رسولہ محمد وآلہ واصحابہ واہل بیتہ وذریاتہ اجمعین اما بعد عاصی پرتقصیر قاضی فضل احمد بن حضرت قاضی الہ دین صاحب ساکن شاہ پور ضلع گورداسپور متخلص بہ تسخیر حنفی نقشبندی خدمت میں برادران اہل سنت وجماعت خصوص مقلدان حنفی المذہب کے عرض پرداز ہے کہ ایام ماہ شوال ۱۳۱۰ ہجری میں ایک رسالہ بنام حق المیزان تصنیف سید قطب شاہ غیر مقلد ساکن دھبولی تھانہ آدم پور ضلع جالندھر حال موضع گھلن تھانہ حجرہ ضلع منٹگمری (جن کی لیاقت علمی پہ مسائل کے قربان) دیکھا گیا۔ جہال کو عموماً اور باشندگان موضع دھبولی کو خصوصاً خوش کرنیکے لیے آپنے بہت عرقریزی کی ہے اور جانفشانی آپ کی ایسی ہوئی کہ جیسے مجھ جیسے نالائق کو جرأت رد ہولی مجملاً مکرر وار اور پھر مفصلاً ترتیب وار عرض کرتا ہوں منصف مزاج کے لیے اشارہ کافی ہے انتہی

مطبوعہ مطبع قیصری جالندھر سنہ ۱۳۱۱ ہجری ۱۲

نثر کا جواب نثر میں اور نظم ہندی کا رد نظم ہندی میں کیا گیا اور نام اس کتاب کا میزان الحق رکھا۔ خدا تعالے بطفیل حضرت رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم قبول فرماوے آمین آمین

۱	شروع جواب	

اول رسالہ کا نام "حق المیزان" رکھا ہے۔ جس سے آپکی صرف نحو کا ستیاناس ہوا جاتا ہے[1] ایک ادنے طالب علم بھی جان سکتا ہے کہ آپ کی ترکیب مضاف و مضاف الیہ کیا عمدہ موزوں ہے گویا آپنے فصاحت علمار فصحار بلغار عرب وعجم کو ختم کردیا۔ اور تمام اہل علم کی صرف و نحو کے بر خلاف اپنے رسالہ کا نام "حق المیزان" رکھدیا۔

دوم ابتدا سے صفحہ پر آپنے دعوے کیا ہے کہ یہ کتاب قرآن و حدیث کے مطابق تقلید کے بارے میں لکھی گئی۔ یہ بات بھی آگے چلکر صاف ہو جاوے گی کہ آپ کی تابعداری حدیث اور قرآن میں برائے نام ہے۔

سوم شروع رسالہ کے صفحہ ۲ کے حاشیہ پر آپنے اسم مبارک حضرت رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم مع اصحاب کبار درج کیا ہے۔ صرف اسطرح پر لکھا ہے "محمد رسول اللہ" حضرت کے نام مبارک پر درود شریف نہیں لکھی آپکا دعوے ہے کہ تابعدار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہوں۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ اَلْبَخِيْلُ مَنْ ذُكِرْتُ عِنْدَهٗ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيَّ یعنی بڑا بخیل وہ ہے کہ ذکر کیا جاؤں میں پاس اُسکے اور نہ درود بھیجے مجھپر۔ دوسری حدیث شریف میں اسطرح پر آیا ہے کہ فرمایا[2]

---

[1] حق کی اضافت میزان کی طرف مفید معنی صحیح نہیں کما لا یخفی ۱۲

[2] حدیث شریف البخیل بعید من اللہ بعید من الجنۃ قریب من النار (یعنی بخیل خدا تعالی اور جنت سے دور ہے اور دوزخ کے نزدیک ہے) [3] مثنوی بخل درخت مرمار کستہ ۔ بلکہ در ہاویہ نگونسار اُو ۔ روی جنت را کجا بیند بخیل ۔ بستہ بے افتادہ زینہا ئی ہیل ۔ آنکہ اورا جز جہنم کار نیست ۔ جائے مسک جز میان نار نیست ۔ تفسیر قادری جلد ۲ ۱۲

کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے رَغِمَ اَنْفُ رَجُلٍ ذُکِرْتُ عِنْدَہٗ فَلَمْ یُصَلِّ عَلَیَّ یعنے خاک میں بھرے
ناک اُس شخص کی یعنے خوار و ہلاک ہو "جو ذکر کیا جاؤں میں اُسکے پاس اور نہ بھیجے درود مجھپر" یہ ہر دو
حدیث جامع ترمذی اور حصن حصین میں ہیں۔ اور حضرت شیخ عبد الحق صاحب محدث دہلوی اپنی کتاب
جذب القلوب میں اسطرح پر لاتے ہیں **حدیث شریف** فرمایا رسول کریم صلے اللہ علیہ
وآلہ وسلم نے مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ فِیْ کِتَابٍ لَمْ تَزَلِ الْمَلٰئِکَۃُ تَسْتَغْفِرُ لَہٗ مَا دَامَ اِسْمِیْ فِی الْکِتَابِ یعنے
جو شخص درود بھیجتا ہے مجھپر کتاب میں "لکھنے میں" تو ہمیشہ فرشتے اُسکے واسطے استغفار کرینگے
جب تک کہ میرا نام کتاب میں رہیگا۔ اسپر نقل کرتے ہیں کہ ایک شخص کاغذ کی بخل کی جہت سے حضرت
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام مبارک کے ساتھ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نہیں لکھتا تھا اُسکا ہاتھ سٹر گر گیا
اور ایک اور تھا کہ صرف صلے اللہ علیہ لکھتا تھا وسلم اُسکے ساتھ نہیں ملاتا تھا اُسکو خواب میں رسول کریم
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کیطرف سے عتاب ہوا کہ چالیس نیکیوں سے کیوں محروم رہتا ہے یعنی لفظ وسلم
میں چار حروف ہیں اور ہر حرف کے بدلے دس نیکیاں ہیں پس اس حساب سے چالیس نیکیاں ہوئیں۔ اور
انہی جہلا سے ہے جو رموز و اشارات پر اکتفا کرتے ہیں چنانچہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جگہ صرف
ص یا صلعم یا صم لکھتے ہیں اور علیہ السلام کی جگہ ع یا عم یا ءم کرتے ہیں انتہی ملخصًا صفحہ ۲۶ سطر ۲ جذب القلوب
اردو مطبع نولکشور اب احادیث مندرجہ بالا سے صاف ظاہر ہو گیا کہ سید قطب شاہ صاحب مصنف حق المیزان
مستحق و مصداق اس وعید کے ہیں۔ یعنے خوار و ذلیل حاسد و بخیل ہیں۔ دعوے یہ ہے کہ ہم اہل سنت و
جماعت ہیں اور تابعداری رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یہ ہے کہ اُنکے نام مبارک پر درود شریف تک لکھنا
جائز نہیں سمجھا۔ گویا یہ انکار احادیث اُنکا بغرور دماغ ہے۔ پس ایسے شخص کے قول و فعل پر کوئی اعتبار نہیں
علی ہذا القیاس حضرات اصحاب کبار رضی اللہ تعالے عنہم کے نام پر بھی کوئی کلمہ تعظیمیہ نہیں لکھا۔ یہ تو شاید آپنے
بخیال ناقص خود بہت درست کیا۔ جب کہ حضرت پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام کے نام پر درود شریف کا بھیجنا

گوارا نہیں رکھا تو اصحاب کبار پر بطریق اولے ناجائز ٹھیرا۔ نعوذ باللہ من ذلک۔

چہارم اصحاب کبار رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے اسمائے مبارک کو حاشیہ پر اسطرح درج کیا ہے۔ ابابکر صدیق اللہ۔ عثمان غنی۔ حضرت عمر بن خطاب۔ حضرت شاہ مردان۔ یہ بہت احسن تھا۔ کہ ان حضرات کے نام کے ساتھ کلمہ تعظیمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ لکھا جاتا۔ مگر آپ کی تہذیب اور ادب بحق بزرگان دین ایسی ہی ہے جس سے بجائے محبت کے بغض اور عداوت نمایاں ہے۔ اور معلومات آپ کی یہ کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نام کے بعد حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نام تحریر کیا ہے۔ جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بعد دوسرے خلیفہ راشد حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں حالانکہ یہ بات اہلسنت وجماعت کے مذہب کے برخلاف ہے۔ اس امر کو ایک جاہل آدمی بھی (جسنے یکی روٹی بھی پڑھی ہو) جانتا ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بعد دوسرے خلیفہ برحق حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔ وہ سبحان اللہ آپ کی علمیت۔

پنجم بعد اصحاب کبار رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے نام حضرت پیران پیر قدس سرہ العزیز کا تحریر کیا ہے۔ کوئی کلمہ تعظیمی اُنکے نام پر نہیں لکھا۔ اور حضرت امام حسن وحسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا نام تک درج نہیں کیا جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ آپ کو اہلبیت سے بھی سخت عداوت ہے۔ کہ اُنکا نام لکھنا بھی منظور نہیں اور نہ اچھا سمجھا گویا محبت اہل بیت (جو بموجب احادیث صحیحہ اہل سنت وجماعت کا دین وایمان ہے) اُنکے دلمیں ذرہ بھر بھی نہیں ہے اس سے بھی ثابت ہے کہ آپ بموجب اپنے دعوے ادعا کے اہل سنت وجماعت میں سے نہیں ہیں شاید یہ غرور ہو کہ ہم بھی بنے بنائے سید ہیں اور حسب عقائد اُنکے حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپکے بڑے بھائی ہیں[1] تو حضرت امامین حسن وحسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما اُنکے بھی نواسے ہوئے۔ تو بجائے اُنکے محبت اور ادب کے نواسوں کیطرف سے تعظیم اور تکریم ہونی چاہیئے۔ نعوذ باللہ منہا۔

---

[1] دیکھو کتاب تقویۃ الایمان صفحہ ۶۰ سطر ۵ مطبوعہ مطبع نولکشور سنہ ۱۲۹۹ ہجری ۱۲

ششم - حضرات امام اعظم - امام شافعی - امام مالک - امام احمد حنبل رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم کے نام بھی درج نہیں کیے - ان مجتہدان دین سے (جنہوں نے دین کو ایسی ترقی دی کہ کوئی آجتک ایسا پیدا نہیں ہوا کہ انکے برابر اجتہاد کرتا) بھی انکی سخت عداوت ہی خیال و پرواتک نہیں کی - ہاں البتہ حضرت پیران پیر قدس سرہ العزیز کے اسم مبارک کے بعد اپنے امام خاتم المحدثین پیشوائے غیر مقلدین کا نام "نذیر حسین سید محمد" بڑے تپاق سے لکھا ہے - اب اہل انصاف انصاف کریں کہ حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ آلہ وسلم کا اسم مبارک اور آنکے اصحاب کبار رضی اللہ تعالیٰ عنہم و حضرت پیران پیر رحمۃ اللہ تعالیٰ کے نام کس گستاخی سے لکھے ہیں کہ کوئی کلمہ تعظیمی اور درود شریف انکے ساتھ ضم نہیں کیا - اور حضرت امامین حسنین رضی اللہ تعالیٰ عنہما و امامان دین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم کے نام لکھے ہی نہیں - اور نذیر حسین کے نام پر "سید محمد" بہت تعظیم و تکریم سے بڑھا کر لکھا ہے - اس سے بھی صاف معلوم ہو گیا کہ آپ کا اعتقاد حضرت پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام و صحابہ کبار رضی اللہ تعالیٰ عنہم وغیرہ بزرگان رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم سے بڑھکر نذیر حسین صاحب کی نسبت ہی - اس جگہ بھی آپنے حدیث شریف کا انکار کرکے کچھ پروا نہیں کی - فرمایا رسول کریم صلے اللہ علیہ آلہ وسلم نے **حدیث**

لَا يُؤْمِنُ اَحَدُكُمْ حَتّٰى اَكُوْنَ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْ وَّالِدِهٖ وَوَلَدِهٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ۔ یعنی نہیں ہوگا کوئی مومن تم میں سے یہانتک کہ ہو جاؤں میں بہت محبت والا اسکے نزدیک اسکے باپ اور اسکے بیٹے سے اور لوگوں سے کذا فی المشکوٰۃ -

اب ظاہر ہے کہ آپ کی محبت نذیر حسین صاحب سے ہی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ آلہ وسلم و اصحاب کبار و اہلبیت رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے ہرگز نہیں -

ہفتم بہت سے نام صفحہ رسالہ کے ۱۱ تک لکھے ہیں جنسے کوئی غرض اور مطلب معلوم نہیں ہوتا ہے شاید جہال مریدوں کو دھوکا دینا مراد ہو کہ اتنے علما کی مہر اسپر تصدیقی ہوں لیکن یہ ہرگز صحیح نہیں ہو سکتا

---

۵ نذیر حسین کے بعد سید محمد ایجاد بندہ ہی جو انکے والدین کو بھی نہ سوجھا تھا نہ خود انکو مگر اسکو سوجھا ۱۲

کہ ایسی بھی خلاف مذہب اہلسنت و جماعت کے رسالہ پر کوئی تصدیق کرے چہ جائے کہ حضرت رسول کریم صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم مع اصحاب کبار رضی اللہ تعالیٰ عنہم آجکل موجود ہوتے تصدیق کریں۔ باوجودیکہ اُنسے سخت عداوت کی گئی ہے اور عداوتاً اور تحقیراً اُنکے نام مبارک کو حاشیہ پر لکھدیا ہے۔

ہشتم عبارت عربی جو صفحہ ۲ سے ۸ تک بابت تقلید مذہب نقل کی ہے اُسکی طرف بھی ذرا غور سے نظر کیجائے۔ یہ مثل اُن محدثین کی ہے کہ جنھوں نے قرآن شریف کی ایک جزو آیت شریف پر عمل کرکے نماز پڑھنا ترک کردیا ہے یعنی لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ اور جزو آیت شریف وَاَنْتُمْ سُکٰرٰی کو نظر انداز کردیا ہے۔ یہ عربی عبارت حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ کی کتاب عقد الجید فی احکام الاجتہاد و التقلید کا سرقہ کیا ہے۔ آپ کی دیانتداری بھی صاف ظاہر ہوگئی کہ آپنے کتاب مصنفہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ سے ایک قول ابن حزم غیر مقلد کا نقل کردیا ہے جسکا رد حضرت شاہ صاحب نے بخوبی آگے کردیا ہے۔ اُسکو اس متدین مصنف نے جو اپنے خلاف تھا دانستہ نقل نہ کیا اور اس عربی عبارت کو جہال میں اپنی علمیت عربی دکھلانے کے لیئے اپنی طرف سے اور اپنی تصنیف کی ہوئی ظاہر کیا ہے۔ اگر شبہ ہو تو عقد الجید کو دیکھ لو۔

اب میں اُسی کتاب عقد الجید تصنیف حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی کی عبارت سے ہی تقلید کو واجب ثابت کرونگا۔ اور سارق کو روبرو خلق اللہ اور حضرت رسول کریم صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ جن کی کتاب سے مصنف نے سرقہ کیا ہے شرمندہ و نادم کرونگا۔ امید ہے کہ آپ ایک چلو بھر پانی میں ڈوب کر مرجائینگے۔ اور آئندہ کسی مسلمان کو ایسے مکر و فریب سے نہ بہکائینگے۔

تعریف مجتہد عقد الجید ص ۵ س ۹

قال البغوي والمجتهد من جمع خمسة انواع من العلم علم كتاب الله

کہا امام بغوی نے اور مجتہد وہ ہے جو پانچ قسم کے علم جمع کرلے علم کتاب اللہ

عز وجل وعلم سنة رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم واقاويل

عز وجل کا اور علم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث اور

علماء سلف من اجماعهم واختلافهم وعلم اللغة وعلم القياس و

علماء سلف کے اجماعی اور اختلافی اقوال کا اور علم لغت کا اور علم قیاس کا اور

هو طريق استنباط الحكم عن الكتاب والسنة اذا لم يجده صريحا

وہ طریق ہے حکم کے استنباط کا کتاب اور سنت سے جب کہ اس حکم کو نص کتاب

في نص كتاب او سنة او اجماع فيجب ان يعلم من علم الكتاب

یا سنت یا اجماع صریح میں نہ پاوے پس اسپر واجب ہے کہ علم کتاب میں سے

الناسخ والمنسوخ والمجمل والمفسر والخاص والعام والمحكم

ناسخ اور منسوخ کو اور مجمل اور مفسر کو اور خاص اور عام کو اور محکم

والمتشابه والكراهة والتحريم والاباحة والندب والوجوب

اور متشابہ کو اور کراہت اور حرمت کو اور اباحت اور مستحب اور واجب کو

ويعرف من السنة هذه الاشياء ويعرف منها الصحيح والضعيف

جان لے اور سنت میں سے ان سب چیزوں کو جان لے اور سنت کی صحیح اور ضعیف کو

والمسند والمرسل ويعرف ترتيب السنة على الكتاب وترتيب

اور مسند اور مرسل کو جان لے اور سنت کو کتاب پر مرتب کرنا اور کتاب کو

الكتاب على السنة حتى لو وجد حديثا لا يوافق ظاهره الكتاب

سنت پر مرتب کرنا جان لے یہاں تک کہ اگر کسی حدیث کو ایسا پاوے کہ اسکے ظاہر معنے کتاب کے

يهتدي الى وجه محمله فان السنة بيان الكتاب ولا يخالفه و

موافق نہیں ہیں تو اسکی مطابقت کی وجہ پا جائے کیونکہ سنت کتاب کا بیان ہوتی ہے اور مخالف نہیں ہوتی اور

انما يجب معرفة ما ورد منها في احكام الشرع دون ما عداها من

معرفت واجب اتنی ہی ہے جو حدیثیں احکام شرعی میں وارد ہوئی ہیں اس سے علاوہ

القصص والاخبار والمواعظ وكذلك يجب ان يعرف من علم اللغة

حکایات اور اخبار اور مواعظ کے واجب نہیں ہیں اور ایسے ہی علم لغت میں سے آئی

ما اتى في كتاب او سنة في امور الاحكام دون الاحاطة بجميع لغات

واجب ہے جو کتاب اور سنت کے اندر احکامی امور میں وارد ہوئی ہیں تمام لغات عرب کا احاطہ واجب

العرب وينبغي ان يتحرج فيها بحيث يقف على مراد كلام العرب فيما يدل

نہیں ہے اور مناسب یہ ہے کہ اسمیں اتنی مشقت کرے کہ کلام عرب کے مقصود سے واقف ہو جاوے

على المراد من اختلاف المحال والاحوال لان الخطاب ورد بلسان

کہ مختلف محل اور مختلف احوال میں اس سے کیا مراد ہوتی ہے کیونکہ خطاب الٰہی تو عربی زبان میں

العرب فمن لم يعرف لا يقف على مراد الشارع ويعرف اقاويل الصحابة

وارد ہوا ہے پھر جو شخص لغت کو نہیں جانے گا تو شارع کی مراد سے واقف نہیں ہوگا اور صحابہ اور

والتابعين في الاحكام ومعظم فتاوى فقهاء الامة حتى لا يقع

تابعین کے اقوال کو جو احکام میں ہیں اور امت کے فقہا کے بڑے بڑے فتاوے کو جان لے تاکہ اسکا حکم

حكمه مخالفا لاقوالهم فيكون فيه خرق الاجماع واذا عرف من

انکے اقوال کے برخلاف واقع نہو کیونکہ اسمیں اجماع کا توڑنا ہے اور جب ان اقسام میں سے ہر ایک سے

كل من هذه الانواع معظمه فهو حينئذ مجتهد ولا يشترط معرفة

معظم کو جان لیا تو اب یہ شخص مجتہد ہے اور تمام احکام کا جاننا

جمیعہا بحیث لا یشذ عنہ شیٔ منہا و ذالم یعرف نوعًا

کہ اُنمیں سے کوئی باقی نہ رہجاوے شرط نہیں ہے اور ان علوم میں سے اگر کسی ایک کو بھی نہیں جانتا

من ہذہ الانواع فسبیلہ التقلید ؕ

تو پھر اُس کی راہ تقلید ہی ہے۔ عقد الجید صفحہ ۵ سطر ۹

پس اس قول سے ثابت ہو گیا کہ جو شخص مجتہد نہیں ہے اُسکے واسطے تقلید ہی راہ ہے۔ اور کوئی راہ نہیں ہے
کیا قطب شاہ کو اُس کتاب میں جس سے اُنسے قول ابن حزم ظاہری کا سرقہ کیا تھا یہ قول بالا نظر نہ آیا؟
دیکھا تو ضرور ہوگا لیکن مخالف جانکر چھوڑ دیا۔ اور راہ مستقیم سے مونہ موڑ لیا۔

اب اور سُنیئے کہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ اُسی کتاب میں ہر چہار مذاہب مقبولہ و مشہورہ کی بابت تحریر کرتے ہیں۔ وہو ہذا۔

باب تاکید الاخذ بہذہ المذاہب الاربعۃ والتشدید فی ترکہا والخروج عنہا اعلم

باب ان چاروں مذہب کی اتباع کی تاکید کا اور اُنکے چھوڑنے میں اور اُنسے باہر ہونے میں تشدید کا جاننا چاہیے

ان فی الاخذ بہذہ المذاہب الاربعۃ مصلحۃ عظیمۃ و فی الاعراض عنہا کلہا مفسدۃ کبیرۃ

ان چاروں مذاہب کی اتباع میں بڑی مصلحت ہے اور ان سب سے منحرف ہونے میں بڑا ہی مفسدہ ہے ۱۲

اب اس عبارت بالا سے بھی ثابت ہو گیا کہ ان چار مذاہب میں سے کسی ایک کا اتباع ضروری ہے مصنف صاحب نے ان اقوال کو چھوڑ کر آگے صفحہ ۴۰ سے ۴۶ تک قول ابن حزم ظاہری کا درج کر دیا جسکی بابت شاہ صاحب اُسی جگہ تحریر فرماتے ہیں۔

ولیس محلہ فیمن لا یدین الا بقول النبی صلی اللہ علیہ وسلم ولا یعتقد حلالا الا ما احلہ

اور قول ابن حزم محل اسکے حق میں ہے جو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سوا دین نہیں ٹھیراتا اور بجز اُسکے حلال نہیں جانتا جو اللہ

اللہ ورسولہ ولا حراما الا ما حرمہ اللہ ورسولہ ؕ

اور اُسکے رسول نے حلال کیا ہے اور نہ سوا اُسکے حرام جانتا ہے جو اللہ نے اور اُسکے رسول نے حرام کر دیا ہے۔

پس مصنف نے جو بغرض حق پوشی یعنی صرف ابن حزم ظاہری لامذہب کا قول سرقہ کر کے نقل کیا تھا
اسکی مراد حضرت شاہ صاحب نے ظاہر کر دی۔ یعنی جو شخص حلال خدا تعالی اور اسکے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کو حرام سمجھے اور حرام خدا تعالی و رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حلال سمجھے۔ خیال کرو۔ آپس زمین و آسمان کا فرق ہے

اب ابن حزم ظاہری لامذہب کی تعریف سننے کے قابل ہے۔ جسپر مصنف انتصار صاحب
بہت غرور ہے جسکے باعث صراط مستقیم سے کوسوں دور ہے۔ فی العواصم والقواصم للحافظ
ابی بکر بن العربی عند ذکر الظاہریۃ ھی امۃ سخیفۃ تسورت علی مرتبۃ لیست لھا وتکلمت بکلام
لم نفہمہ تلقفوہ من اخوانہم الخوارج حین حکم علی رضی اللہ تعالی یوم صفین الی اخر ما قال
کان من بادیۃ الشبیلیۃ یعرف بابن حزم نشاء وتعلق بمذہب الشافعی رحمہ اللہ ثم انتسب ابی داود
ثم خلع الکل واستقل بنفسہ وزعم انہ امام الائمۃ یضع ویرفع ویحکم ویشرع ینسب الی دین اللہ
ما لیس فیہ ویقول عن العلماء ما لم یقولوا تنفیر للقلوب منہم انتہی ذکرہ الفاضل اللکنوی فی بعض
تصانیفہ (مولوی عبدالحی صاحب) **خلاصہ ترجمہ** یعنی ظاہریہ کا ایک گروہ سخیف ہے انھوں
نے اپنے لیئے ایسے مرتبہ کا ادعا اور اظہار کیا (یعنی بیہودہ) کہ وہ اُنکے لائق نہ تھا۔ اور بے تُک باتیں
کہنے لگے۔ ان باتوں کو اپنے بھائیوں خارجیوں سے حاصل کیا۔ جب کہ حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ
نے جنگ صفین میں اپنی حکومت کا اظہار کیا۔ بادیۂ شبیلیہ میں مشہور یہ **ابن حزم** تھا۔ ابتداً مذہب
امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ سے تعلق رکھتا تھا۔ پھر اُسکو ترک کیا۔ اور داؤد ظاہری کی طرف منسوب ہوا
بعد ازاں اُسکو بھی چھوڑ چھاڑ کر بالاستقلال بزعم خود مدعی انا امام الائمہ کا ہوا۔ اور اللہ کے دین کیطرف
وہ باتیں منسوب کیں جو اُسمیں نہ تھیں۔ اور لوگوں کے دلوں کو نفرت دلانے کے لیئے علما کیطرف وہ باتیں
منسوب کیں جو وہ اُنکے قائل نہ تھے انتہی۔ انوار نعمانیہ ص ۲ س ۳۔
اُمید ہے کہ ابن حزم صاحب کے مقلد کو اب کچھ تو شرم آوے گی۔ عموماً دیکھنے میں آیا ہے کہ غیر مقلدوں کو

کتابوں میں اکثر معتبر روایتیں داؤد ظاہری۔ ابن قیم۔ ابن حزم۔ قاضی شوکانی کی درج ہوتی ہیں اُنکے اقوال کے مقابلہ میں اور کسی کو صحیح نہیں سمجھا جاتا۔ جو خارجیوں کے بھائی شمار ہوئے ہیں۔ لیجئے آپ کو اُنکی تقلید مبارک ہو۔ **اصل مطلب پر رجوع** کرتا ہوں مجتہد کی تعریف پہلے ہو چکی ہے جو مجتہد نہیں وہ عامی ہے جسکے لیئے **تقلید** ایک مذہب کی مذاہب اربعہ میں سے واجب ہے لان علی العامی الاقتداء بالفقہاء صفحہ ۶۹ سطر اول عقد الجید۔ **ترجمہ** اسلیئے عامی پر فقہا کی تقلید لازم ہے اذلم یجمع الات الاجتہاد لا یجوز لہ العمل علی الحدیث بخلاف مذہبہ صفحہ ۷ سطر ۴۔ **ترجمہ** جب کہ اجتہاد کا مادہ جمع نہووے تو اُسکو حدیث اپنے مذہب کے خلاف پر عمل جائز نہیں ہے۔ لانہ لیس للعامی العمل بالحدیث۔ صفحہ ۹۳۔ سطر ۵ عقد الجید **ترجمہ** اسلیئے عامی کو حدیث پر عمل کرنا جائز نہیں ہے **عامی** کے لیئے یہ واجب ہے کہ ہر چہار مذاہب میں سے کسی ایک کی تقلید اختیار کرے۔ اگر کوئی کہے کہ میں چاروں مذاہب کی تقلید کرتا ہوں تو یہ کہنا اُسکا بیہودہ اور لغو ہے کیونکہ اسمیں تلفیق واقع ہو جاتی ہے جو بالاتفاق باطل ہے۔ جسکی بابت شاہ ولی اللہ صاحب عقد الجید میں تحریر فرماتے ہیں۔ والاحتراز منہ یحصل اذ قلد مذہبا من المذاہب الاربعۃ المقبولۃ المشہورۃ۔ صفحہ ۷ سطر ۲ عقد الجید **ترجمہ** اور تلفیق سے پرہیز جب ہی ہو سکتا ہے کہ ان چاروں مذاہب مقبولہ مشہورہ میں سے کسی ایک مذہب کی تقلید کرے۔

فائدہ یعنے حضرات امام اعظم و امام شافعی۔ امام مالک۔ امام احمد حنبل رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم کے چاروں مذاہب مقبولہ و مشہورہ ہیں ان میں سے کسی ایک کی تقلید واجب ہے۔ سوائے ان چاروں کے اور کسی کی تقلید واجب نہیں جیسے شاہ صاحب محدث دہلوی فرماتے ہیں۔ لا یجوز تقلید غیر الائمۃ الاربعۃ صفحہ ۹۱ سطر ۱۱ **ترجمہ** بغیر چاروں اماموں کے اور کسی کی تقلید جائز نہیں ہے۔

بلکہ لانہ للعامی ... انہ منسوخ او ماول او مکم محمول علی ظاہرہ انتہی اگرچہ شاہ صاحب نے متبحر فی المذہب کو اس سے مستثنے کیا ہے لیکن یہاں پر گفتگو عوام اہل اسلام کی ہے۔

جب ان چاروں مذہب میں سے کوئی شخص ایک امام رحمۃ اللہ علیہ کا مقلد ہو جاوے تو پھر اسکو دوسرے مذہب کیطرف انتقال کرنا جائز نہیں ہے۔ بلکہ اسکے واسطے فقہا نے تعزیر تحریر کی ہے جیسے شاہ صاحب نے لکھا ہے وہو ہذا۔

وقالوا المنتقل من مذهب الی مذهب باجتهاد و برهان اثم یستوجب التعزیر ۱۱ سطر[ش]

ترجمہ اور فقہا کہتے ہیں کہ ایک مذہب سے دوسرے مذہب کیطرف بذریعہ اجتہاد و برہان کے منتقل ہونے والا گنہگار ہوتا ہے اور سزاوار تعزیر کا۔

اور بہت سی مبسوط کتب میں وجوب تقلید درج[۵] ہے لیکن متعصب مصنف کو جنے کتاب عقد الجید حضرت شاہ صاحب کا سرقہ کرکے بیعلمی کے باعث صرف ابن حزم ظاہری کا قول درج کیا تھا اسکے لیے اسی کتاب میں سے وجوب تقلید ثابت ہو گیا۔

اس کل تحریر بالا سے واضح ہو گیا کہ تقلید مذہب منجملہ ہر چہار مذاہب مقبولہ و مشہورہ کے حسب تحریر شاہ صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ واجب ہے۔ اور پھر ایک مذہب سے دوسرے مذہب کیطرف انتقال کرنا بھی جائز نہیں۔ بلکہ اسپر سزا و تعزیر ہے **اب** رہی یہ بات کہ آیا ان ہر چہار امام یا مذہب میں کونسا مذہب زیادہ فضیلت رکھتا ہے اور کسکو ترجیح ہے۔ سو یہ بات متفق علیہ ہے کہ امام اعظم صاحب رحمۃ اللہ علیہ تابعی ہیں اور باقی ہر سہ امام تبع تابعین میں ہیں۔ تابعی تبع تابعین سے افضل ہے۔ مختصراً اس دعوے کے اثبات میں مندرجہ ذیل وجوہات ہیں۔

اول حدیث شریف[۶] میں آیا ہے۔ فرمایا رسول اکرم صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے جس شخص مسلمان نے مجھے

[حاشیہ:] ومعنی اجتہاد و برہان اولی و بلا برہان یراد بہ ہنا الاجتہاد و معنی الاخیر تحکیم القلب لان العامی لیس لہ اجتہاد ۱۲

[۵] نظم ہندی میں آیات اور احادیث و اقوال سے تقلید کو ثابت کیا ہے اسکو دیکھو ۱۲ منہ ۱۲

[۶] طوبی لمن رانی ولمن رای من رانی۔ حدائق الحنفیہ صفحہ ۲۰۴ سطر ۲۰۔ و نیز صحیح ترمذی میں ہے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے جس مسلمان نے مجھے دیکھا اسکو دوزخ کی آگ نہ چھوئیگی اور نہ اسکو جنہوں نے دیکھنے والے کو دیکھا ہے انتہی عقائد الاسلام صفحہ ۹۶ مصنفہ مولوی ابو محمد عبد الحق دہلوی ابقاہ اللہ تعالی۔ منہ ۱۲ حدیث شریف۔ عن جابر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا تمس النار مسلما رانی او رای من رانی رواہ الترمذی ۱۲

دیکھنے والے کو دیکھا اُسکے واسطے دوزخ حرام ہے۔ سو حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کا اصحابیوں کو دیکھنا بالاتفاق ثابت ہے اسلیئے اُنکا بہشتی ہونا ثابت ہے۔ حدائق الحنفیہ۔

دوم حضرت رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے **حدیث شریف** لوکان الایمان عند الثریا لذھب بہ رجل من ابناء فارس رواہ مسلم۔ یعنے اگر ہو ایمان نزدیک ثریا کے البتہ لے آویگا اُسکو ایک شخص اولاد فارس سے۔ اس حدیث پر تمام علما حنفی۔ شافعی۔ مالکی۔ حنبلی کا اتفاق ہے کہ یہ حدیث شریف حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے ہی حق میں بطور پیشین گوئی وارد ہوئی ہے جیسے کہ حضرت جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ شافعی اپنی کتاب تبییض الصحیفہ میں لکھتے ہیں کہ یہ حدیث حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے حق میں وارد ہوئی ہے۔ کیونکہ کوئی شخص اولاد فارس میں مثل حضرت امام صاحب کے پیدا نہیں ہوا۔ سوائے اُنکے اور کوئی نہیں ہوسکتا۔ ملخصاً توفیر الحق۔

سوم اللہ تعالٰی فرماتا ہے وَمَنْ يُؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ أُوتِيَ خَيْرًا كَثِيرًا۔ یعنی جسکو دی گئی حکمت یعنی فقہ پس تحقیق اُسکو دی گئی بہت سی بھلائی **فائدہ** تفسیر معالم وتفسیر کبیر وعباسی میں حکمت کے معنی علم فقہ اور فقہ درج ہیں۔ اُسکے مطابق حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے **حدیث شریف** من یرد اللہ بہ خیرا یفقھہ فی الدین یعنے جسکے ساتھ اللہ نیکی کیا چاہتا ہے اُسکو دین میں فقیہ بنا دیتا ہے۔ اس آیت اور حدیث سے کیا عمدہ فضیلت وتعریف فقیہ کی درج ہے۔ اور اسپر بھی تمام کا اتفاق ہے کہ حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے برابر تمام جہان میں کوئی فقیہ نہیں گذرا جسکی تصریح حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اپنے قول میں کی ہے وھو ھذا۔

الناس کلھم عیال ابی حنیفۃ فی الفقہ یعنے تمام لوگ علم فقہ میں حضرت ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے عیال ہیں۔

چہارم حضرت ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ اپنے رسالہ میں لکھتے ہیں کہ حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کا

مذہب تمام جہان میں مشہور ہوگا۔ اور قیامت تک رہیگا۔ حتی کہ حضرت امام مہدی علیہ السلام و حضرت عیسی علیہ السلام امام صاحب کے مذہب کے مطابق عملدرآمد کرینگے۔ جیسے لکھا ہے کہ حضرت امام **اعظم** رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی عمر میں پچپن حج کعبۃ اللہ کے کیئے۔ ماخیر کے حج میں کعبہ شریفہ کے خادموں سے اجازت حاصل کرکے اندر داخل ہوئے۔ اور بیت اللہ کے دو ستونوں کے درمیان میں کھڑے ہوکر داہنے پاؤں کی پشت پر بائیاں پاؤں رکھکر نماز شروع کی۔ آدھا قرآن شریف پڑھکر رکوع اور سجود کیا۔ پھر بائیں پاؤں پر داہنا پاؤں رکھکر نصف باقی قرآن شریف ختم کیا۔ اور سلام کرکے بہت روئے۔ اور جناب الٰہی میں بہت مناجات کی کہ یا الٰہ العالمین اس ضعیف بندہ نے تیری عبادت جیسے کہ تجھکو لائق ہے نہیں کی لیکن تجھکو تیری صفت کبریائی سے جانتا ہے۔ تو اُسکی خدمت کے نقصان کو اُسکی کمال معرفت کے سبب سے بخشدے اپنے کمال عرفان کو نقصان خدمت کا کفارہ کر۔ اس بیت اللہ کے ایک گوشہ سے یہ آواز غیب آئی کہ اے **ابوحنیفہ** تونے ہمکو جیسا کہ چاہیئے تھا ویسا جانا اور جو خدمت تونے ہماری کی خوب ہی کی مقرر ہم نے تمکو اور **اُن لوگوں کو جو تیرے مذہب پر قیامت تک رہیں گے بخشا**۔ انتہی کذا فی الدر المختار والطحطاوی ورد المختار وغیرہا من المعتبرات۔

پس آیات واحادیث واقوال وغیرہ سے یہ بات ثابت ہوگئی کہ حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کو باقی ہر سہ اماماں مجتہد پر ترجیح ہے۔ مگر کوئی متعصب اپنی سوء فہمی سے اپنا نامہ سیاہ کرے تو اُسکو خدا کے سامنے پیش ہوکر جواب و حساب دینا ہے۔ جسکو خدا ہدایت کرے اسکے واسطے ایک ہی نکتہ بس ہے۔ اگر اس کتاب کے طول ہونے کا وہم نہوتا تو فضائل امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ جو بیشمار ہیں کسیقدر لکھے جاتے۔

مسئلہ فاتحہ خلف امام

آپنے مسئلہ قرأت سورۂ فاتحہ خلف امام کو تفسیر محمدی سے اسطرح نقل کیا ہے۔

قولہ عن عبادۃ بن الصامت قال کنا خلف النبی صلعم الحدیث۔

ما عبدناک ھذا العبد الضعیف حق عبادتک لکن عرفک حق معرفتک ۱۲ و قد غفرنا لک ولمن اتبعک ممن کان علی مذھبک

اقول اس جگہ بھی درود شریف کی جگہ صرف (صلعم) تحریر کیا ہے۔ جس سے آپکا عامل بالحدیث ہونا
ثابت ہو جواب پورا آگے لکھا جاتا ہے۔

قولہ واذا قرئ القران فاستمعوا له وانصتوا شان نزول اس آیت کا کافروں کے حق میں ہے منع
کرنا فاتحہ کا اس آیت ظنی سے متعصبی یا بے علمی ہے۔ انتھے صفحہ ۲۱۔

اقول آیت بھی صحیح نہیں لکھی گئی۔ سواہ تعصب خود اور الزام دوسروں پر کیوں۔ یکطرفی نظر کرنا
متعصبی آپکا نام ہے۔ یا کوئی اور شئے ہے۔ اور آیت موصوفہ کو کافروں کے حق میں لگانا بے علمی آپکا
نام ہے یا کوئی اور چیز ہے۔ حدیث شریف جو عبادہ بن صامت کی تحریر ہوئی ہے اول اُسکی تصدیق کریں کہ
آیا انصافاً یہ حدیث کہاں تک صحیح ہے اور کہاں تک ضعیف ہے **سو واضح رہے** کہ اس حدیث کو
بہت سے علماء نے صحیح بھی کہا ہے اور بہت سے علماء نے ضعیف بھی لکھا ہے۔ چنانچہ علامہ زیلعی نے فرمایا ہے
کہ قد ضعفه احمد وجماعة یعنے اس حدیث کو امام احمد حنبل رحمۃ اللہ علیہ اور ایک جماعت نے ضعیف لکھا
ہے۔ کیونکہ راوی اس حدیث کا محمد بن اسحاق بن یسار واقع ہوا ہے۔ سو خود یہ شخص مختلف فیہ ہے۔ اور
موافق اصول حدیث کے قابل سند نہیں ہے۔ کیونکہ یحییٰ قطان نے (جنکو سارے ائمہ نے قابل سند
تسلیم کیا ہے۔ اور لکھا ہے کہ جبکو یحییٰ قطان چھوڑ دیوینگے۔ ہم لوگ بھی اُسکو چھوڑ دیوینگے) محمد بن اسحاق
کی نسبت لکھا ہے کہ اشهد ان محمد بن اسحاق كذاب یعنے میں اسبات کی گواہی دیتا ہوں کہ محمد بن اسحاق
بڑا جھوٹا ہے۔ اور اسیطرح سلیمان تیمی نے بھی اُسکو کذاب لکھا ہے۔ اور امام مالک نے اسکو دجال کہا ہے
کما فی میزان الاعتدال۔ اور دار قطنی نے کہا ہے کہ اُسکے ساتھ حجت پکڑنا نہیں ہو سکتا فتح المبین رد ظفر المبین
اصول حدیث میں ہے۔ کہ جب کسی شخص کو ثقہ اور عادل کہیں اور چند آدمی اُسکو ضعیف
اور نا قابل استناد جانیں تو اعتبار اُسکے ضعف کا ہوگا۔ حافظ ابن حجر نے شرح نخبۃ الفکر میں اسکی بابت
مفصل لکھا ہے۔ اور تہذیب التہذیب میں لکھا ہے کہ یحییٰ قطان اسباب جرح کا بہت جاننے والا ہے۔ نیز

اُسی کتاب میں ہے کہ امام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ بخدا ہمنے یحیی قطان کی مثل کوئی نہیں دیکھا ہے
اور کتاب تقریب کے صفحہ ۲۱۵ میں محمد بن اسحاق کو مدلس لکھا ہے۔ اور مدلس ہونا حدیث کی روایت میں ایک
خاص قسم کا عیب ہے۔ اور علامہ بدر الدین عینی شارح صحیح بخاری اپنی کتاب بنایہ جلد اول کے صفحہ ۱۱ میں
تحریر کرتے ہیں وفی حدیث عبادۃ محمد بن اسحاق بن یسار وھو مدلس قال النووی لیس فیہ الا
التدلیس یعنے عبادہ کی حدیث میں محمد بن اسحاق بن یسار مدلس ہے۔ نہیں ہے اسمیں مگر تدلیس۔ فتح المبین (مظفر المبین)
پس اس تمام تقریر سے ثابت ہوگیا کہ حدیث عبادہ بن صامت کی قابل تسلیم نہیں۔ **اب** آیت
اور احادیث سے ثابت کرتا ہوں کہ خلف امام سورہ فاتحہ یا قرآن شریف کا پڑھنا بالکل ممنوع بلکہ سخت گناہ
اور مفسد نماز ہے۔ اور پڑھنے والا مستوجب سخت سزا کا ہے۔

اول قال اللہ تعالیٰ۔ واذا قرئ القرآن فاستمعوا لہ وانصتوا لعلکم ترحمون۔ یعنے جبوقت
قرآن شریف پڑھا جاوے تو سنو تم اور چپ رہو تم تاکہ تم رحمت کیے جاؤ۔ یہ آیت مقتدی کو سورہ فاتحہ
پڑھنے کو امام کے پیچھے منع کرتی ہے اسلیے کہ اس آیت شریف میں دو چیزوں کی غرض ہے۔ ایک **سُننا**
دوسرا **چپ رہنا**۔ سُننا خاص ہے جہری نماز کے ساتھ۔ اور چپ رہنا سری نماز میں پس دونوں پر عمل
کیا جاوے گا۔ **شان نزول** آیت شریفہ کا یہ ہے کہ حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے
پیچھے مقتدی نماز میں قرأت کرتے تھے۔ جو اس آیت کے نزول پر روکے گئے۔ کذا فی تفسیر حسینی واحمدی وغیرہ
باقی تفاسیر معالم التنزیل۔ عباسی۔ عباد بن کثیر وغیرہ میں یہ درج ہے کہ یہ آیت خاص قرآن شریف کے پڑھنے
میں درمیان نماز کے نازل ہوئی ہے۔ قطب شاہ کہ جو اپنے پیشوا سے دین حافظ محمد لکھوی کی جو پچاس سال
حنفی المذہب رہکر لا مذہب ہوئے ہیں (تقلید سے لکھا ہے کہ یہ آیت کافروں کے حق میں نازل ہوئی
بالکل غلط اور تمام تفاسیر کے برخلاف اپنی ڈیڑھ پاو کھچڑی علیحدہ پکاتا ہے۔ جو صریح احادیث کے برخلاف

پیچھے کے بیان ہوتا ہے

دوم - حدیث شریف میں ہے۔ فرمایا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انما جعل الامام لیؤتم به فاذا کبّر فکبّروا واذا قرأ فانصتوا - یعنی سوائے اسکے نہیں کہ بنایا گیا ہے امام تاکہ اقتدا کیجاوے نماز اُسکے ساتھ جوقت تکبیر کہے تم بھی تکبیر کہو۔ جب قرأت شروع کرے۔ پس تم چپ ہو جاؤ۔ کذافی صحیح مسلم۔ ابوداؤد۔ نسائی۔ ابن ماجہ۔ اور غنیۃ الطالبین صفحہ ۱۷۸ سطر اول میں بھی اسیطرح درج ہے۔

سوم - حدیث شریف میں آیا ہے۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے من کان له امام فقرأة الامام له قرأة - یعنی جسکا امام ہو تو قرأت امام کی قرأت اُسکی ہے۔ اور بہت سی احادیث منع قرأت خلف الامام کے وارد ہوئی ہیں۔ جنمیں مقتدی کو سختی سے روکا گیا ہے بخوف طوالت صرف متعصب قطب شاہ کی کتاب حق المیزان کے روکے لیئے اتنا ہی کافی سمجھا گیا ہے[1] البتہ اُن احادیث کا ترجمہ لکھدینا ضروری ہے۔ جنمیں خلف الامام قرارت کے پڑھنے پر مقتدی کے لیئے وعیدیں ہیں

۱- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وخلفاء ثلثہ رضی اللہ تعالی عنہم قرارت خلف الامام منع فرماتے تھے۔

۲- فرمایا سعد رضی اللہ عنہ نے دوست رکھتا ہوں میں پتھر کو مقتدی کے منہ میں پڑھنے قرآن سے پیچھے امام کے۔ روایت کیا ان دونو حدیثوں کو عبد الرزاق نے۔

۳- فرمایا سعد رضی اللہ عنہ نے دوست رکھتا ہوں میں انگاری آگ کی کو اُسکے منہ میں جو پڑھے پیچھے امام کے۔

۴- فرمایا علقمہ رضی اللہ عنہ نے کہ البتہ دانت بازنا انگاری پر دوست زیادہ ہی طرف میری

[1] اس مسئلہ فاتحہ خلف الامام میں بہت سے کتب و رسائل مستقل ایسے تصنیف شدہ علماء مستند و محققین کے موجود ہیں کہ جن میں زیادہ بحث کرنے کی ضرورت نہیں ہے لیکن مؤلف رسالہ کو اُنکی استعداد کے موافق جواب اسیطرح یا گیا ہے زیادہ طوالت پسند نہیں کی گئی ہے منہ

اس سے پھر پڑھوں میں پیچھے امام کے۔ روایت کیا ان دونو حدیثوں کو امام محمد رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی موطا میں۔

۵ فرمایا حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے۔ جس شخص نے پڑھا پیچھے امام کے تحقیق مخالفت کی اُسنے دین کی۔

۶۔ فرمایا حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے کہ جس شخص نے پڑھا پیچھے امام کے پس نہیں وہ شخص اوپر اسلام کے۔ یعنی شرائط اسلام و سنت پر نہیں۔

۷۔ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما سے منقول ہے کہ پر کیا جاوے مونہ خاک سے اُس شخص کا جو پڑھے پیچھے امام کے۔

۸۔ فرمایا حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے۔ کہ امام کے پیچھے قرآن شریف پڑھنے والا دین پر نہیں ہے۔

۹۔ فرمایا حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے جسنے پڑھا ساتھ امام کے نہیں ہے وہ دین پر۔

۱۰۔ منقول ہے ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے پڑھنے والا پیچھے امام کے فاسق ہے۔

۱۱۔ کفایہ میں زید اور سعد رضی اللہ عنہما سے نقل ہے کہ نہیں ہوتی نماز پڑھنے والے کی پیچھے امام کے۔ اور سرخسی رضی اللہ عنہ نے۔ کہ فاسد ہوجاتی ہے۔ نماز ایسے شخص کی بیچ قول اکثر صحابہ کے۔ کلہم من الفتح المبین۔ رد ظفر المبین۔

دیکھیے متعصبی اسیکا نام ہے۔ کہ قطب شاہ صاحب نے صرف ایک حدیث نقل کی۔ اور اتنی آیات و احادیث نظر نہ آئیں۔ سچ ہے متعصبی اور بے علمی اسیکا نام ہے۔ اور عوام کو دھوکا دینا اور سیدھے راستے سے گمراہ کرنا انھیں کا کام ہے۔ خدا ہدایت بخشے۔

مسئلہ آمین بالجہر

قولہ عن وائل بن حجر قال سمعت رسول اللہ صلعم قرأ غیر المغضوب علیہم والضالین فقال

امین مد بہا صوتہ رواہ الترمذی وابو داؤد والدارمی - ۲ صفحہ ۲۹ سطر ۱ -

اقول - اس حدیث شریف میں بھی حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام مبارک پر بجائے درود شریف کے لفظ (صلعم) لکھا ہے - جسکے کوئی معنی نہیں ہیں - جو بموجب احادیث بالکل ناجائز ہے مدعا میں خیال ہے کہ ہم اہل سنت وجماعت ہیں - دوسرے ولا الضالین کی بجائے آپنے تحریف کر کے والضالین لکھا یا جسکے معنی بالکل برعکس ہوگئے اور کفر تک نوبت پہنچ گئی - قربان ایسی علمیت کے تیسرے - اس حدیث کا ترجمہ بھی آپنے نہیں لکھا - معلوم ہوتا ہے کہ لفظ مد بہا صوتہ کے معنی کرتے ہوئے شرم آئی - یا پول ظاہر ہوتا ہے - اس حدیث شریف سے آپنے بالجہر آمین کو گویا ثابت کیا ہے جو صحیح نہیں ہے - **ترجمہ حدیث شریف کا میں** بیان کر دیتا ہوں - یعنی وائل بن حجر سے روایت ہے - کہا - سنا میں نے - رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھا - غیر المغضوب علیہم ولا الضالین کو پس کہا آمین - اور دراز کیا اپنی آواز کو - اب متعصب صاحب نے - مد بہا صوتہ کو بالجہر سمجھ لیا ہے یہ اپنے گھر کی سمجھ ہے - اہل انصاف اس بات کو انصاف کی نظر سے دیکھ سکتے ہیں لفظ - مد بہا صوتہ سے آمین بالجہر کیسے ہو سکتی ہے - درانحالیکہ دیگر آیات واحادیث میں لفظ خفیۃ - اخفی - خفض درج ہیں جیسے آگے ظاہر ہونگے -

قولہ بعضے متعصب اور بعضے کم علم یہ آیت پڑھکر کہتے ہیں - کہ آمین پکار کر کہنا قرآن سے منع ہوا ہے صد افسوس انکو شرم نہیں آتی - خدا پر افترا باندھتے ہے - یا تو شان نزول نہیں جانتے - یا محض متعصبی سے یا وہ بکتے ہیں - اگر یہ آیت ادعوا ربکم تضرعا[1] و خفیہ حق آمین پست کی آئی ہے تو نبی صاحب اپنے کیوں اخیر وقت تک پکار کر آمین کہتے رہے - شاید مفتری یہ دل میں سوچ رہے ہیں کہ اللہ صاحب قرآن کے معنی خوب جانتا ہے - اور نبی صاحب نہیں جانتا - صد افسوس تمہاری

[1] آیت شریف کا املا غلط لکھا ہے دیکھو اغلاط نامہ صفحہ ۲۸ و ۲۹ رسالہ ہذا ۱۲

دلیری اور کم فہمی پر خدا پر افترا اسے خوف نہ آیا تو نبی صلعم سے کیوں آوے انتہی بلفظہ صفحہ ۲۹ سطر ۳

اقول آپ کی علمیت اور طرز انشا اور طریق ادب ملاحظہ ناظرین کے قابل ہے چار سطر کی عبارت بھی درست نہیں لکھی گئی ہے جیسے "اگر یہ آیت حق آمین پست کے آتی" "تو نبی صاحب آپنے "خدا پر افترا باندھنے ہے" "امام صاحب قرآن کے معنی خوب جانتا ہے" "اور نبی صاحب نہیں جانتا" "تو نبی صلعم سے کیوں آوے" ان الفاظ اور جملہ ہائے مندرجۂ بالا پر غور کرنے سے معلوم ہو جاوے گا۔ کہ آپ کی طرز تحریر دلپذیر کیا عمدہ علمیت کا نشان ظاہر کر رہی ہے اور آپ کی تہذیب ادب کیا عمدہ بڑھ چڑھ کر نمایاں ہو رہی ہے۔ جسکو کوئی خوجہ ڈیرہ دار بھی پسند نہیں کرے گا۔ اور حضرت رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام پر پھر درود شریف نہیں لکھا کیا عمدہ کسی شخص نے کہا ہے بیت اگر ہوتا زمانے میں حصول علم بے محنت * تو بس ساری کتابیں ایک جاہل دھو کے پی جاتا

آپ لکھتے ہیں کہ اس آیت سے آمین کے پکار کر کہنے کی ممانعت ثابت کرنا خدا پر افترا ہے۔ اس سے بھی آپ کی علمیت اور معلومات وسیع کا اندازہ ہو سکتا ہے آمین کے دو معنی ہیں ایک دعا اور دوسرے اسم خدا۔ جیسے کہ قاموس۔ صراح۔ غیاث اللغات وغیرہ لغت کی کتابوں سے ظاہر ہے اور اور تمام تفاسیر میں اس آیت سے دعا کا اخفا کرنا ثابت ہے۔ پس جب یہ بات ثابت ہو گئی کہ لفظ آمین دعا ہے یا اسم خدا ہے تو بہر صورت ان ہر دو کا اخفا کرنا بموجب آیات واجب ہوگا۔ جیسے تفسیر کبیر کی جلد چہارم صفحہ ۳۴۷ میں لکھا ہے کہ "امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے اخفاء آمین میں دو وجہیں بیان کی ہیں۔ ایک یہ کہ آمین دعا ہے۔ اور دوسری یہ کہ آمین اسم الٰہی سے ہے۔ پس اگر دعا ہے تو اخفا اسکا واجب ہے۔ اسلیئے کہ اللہ تعالی فرماتا ہے ادعوا ربکم تضرعا وخفیۃ یعنے دعا کرو پروردگار اپنے سے زاری اور آہستگی سے۔ اور اگر اسماء الٰہی سے ہے تو بھی اخفا واجب ہے اسلیئے کہ خدا تعالے فرماتا ہے واذکر ربک فی نفسک کہ اپنے پروردگار کو دل میں یاد کرو۔ پس اگر وجوب ثابت نہ ہوگا

فتح المبین

تو استحباب ہے کم نہو گا۔ اور ہم بھی اسیکے قائل ہیں انتہی۔ پس یہ آیات شریف بموجب اقوال مفسران قدیم اور احادیث رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منع جہر آمین میں ثابت ہی۔ اور متعصب کا قول بلا دلیل محض اُسی کی یاوہ گوئی ہے اور انکار آیات قرآن شریف ہی۔ اب میں وہ احادیث صحیحہ نقل کرتا ہوں جنسے آمین کا نماز میں پکار کر کہنا منع ہے۔

حدیث شریف اول مسند امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کی عن وائل بن حجر انہ صلی مع النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فلما بلغ غیر المغضوب علیہم ولا الضالین قال آمین واخفی بہا صوتہ یعنی وائل بن حجر سے روایت ہی کہ انھوں نے نماز پڑھی ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پس جب پہنچے ولا الضالین پر آمین کہی۔ اور پوشیدہ کیا اپنی آواز کو۔

حدیث شریف دوم ترمذی شریف میں ہی۔ عن علقمۃ بن وائل عن ابیہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قرأ غیر المغضوب علیہم ولا الضالین فقال آمین وخفض بہا صوتہ یعنے علقمہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پڑھا غیر المغضوب علیہم ولا الضالین پس آمین کہی اور پست کیا اپنی آواز کو۔

حدیث شریف سوم حدیث طحاوی کی عن ابی وائل قال کان عمرؓ وعلیؓ لا یجہران ببسم اللہ الرحمن الرحیم ولا بالتعوذ ولا بآمین۔ یعنے ابو وائل سے روایت ہی کہ کہا انھوں نے حضرت عمر وحضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما بسم اللہ الرحمن الرحیم اور اعوذ باللہ اور آمین میں جہر نہیں کرتے تھے اگرچہ اور بھی بہت سی احادیث وگفتگو اسکے ثبوت میں ہے۔ مگر طوالت پسند نہیں۔ یہ جو متعصب صاحب نے کہا ہے کہ (نبی صاحب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اخیر وقت تک آمین پکار کر کہتے رہے) یہ بالکل جھوٹ ہے کسی جگہ پر درج نہیں ہی کہ حضرت رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اخیر وقت تک آمین پکار کر کہتے رہے۔ اگر ہے تو کسی آیت یا حدیث یا اجماع یا قیاس سے ظاہر کریں۔ امید ہے کچھ تو شرم

آئی ہوگی۔ شرم کا کیا ہے۔ ادھر آئی اُدھر چلی گئی۔ کیا شرم کو آتے ہوئے شرم نہ آئی ہوگی؟

مسئلہ رفع یدین

جواز رفع یدین میں ایک حدیث بھی آپ نے نقل کی ہے۔ وہ یہ ہے۔

قولہ وعن ابی حمید الساعدی قال فی عشرۃ من اصحاب النبی انا اعلمکم بصلوۃ رسول اللہ صلعم الحدیث۔ صفحہ ۲۹ سطر ۱۰۔

اقول ابی حمید الساعدی کو آپ نے ابی حمید الساعدی لکھدیا۔ یہ صحت املا۔ حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسم مبارک پر بجائے درود شریف کے لفظ صلعم لکھا ہے۔ یہ آپکا اہل سنت و جماعت میں ہونے کا دعوے ہے۔ جو حدیثوں کا انکار ہے۔

حدیث شریف مندرجہ بالا فعلی ہے۔ میں آیت اور احادیث قولی سے (جو فعلی حدیث سے زیادہ تقویت رکھتی ہیں) ثابت کرتا ہوں کہ رفع یدین کا کرنا متروک و منسوخ ہے۔

۱۔ آیت شریف۔ قد افلح المؤمنون الذین ھم فی صلوتھم خاشعون۔ یعنے فرمایا اللہ تعالے نے تحقیق فلاح پائی ایمان والوں نے جو اپنی نمازوں میں عجز کرتے ہیں یعنے ہاتھوں کو نماز میں نہیں اُٹھاتے تفسیر عباسی میں اس آیت شریف کے تحت میں درج ہے۔ ”ای غیر رافعین ایدیھم فی صلاتھم۔“ یعنے وہ ایماندار جو اپنی نمازوں میں ہاتھ نہیں اٹھاتے۔ اور رفع یدین نہیں کرتے۔ اور تفسیر قادری میں لکھا ہے کہ خشوع سے یہ مراد ہے کہ نماز پڑھنے والا سر جھکائے اور دہنے بائیں نظر نہ کرے۔ اور دہنا ہاتھ بائیں ہاتھ پر رکھکر حضوری کے ساتھ قرائت کرے۔

۲۔ حدیث شریف عن علقمہ قال قال عبد اللہ بن مسعود الا اصلی بکم صلوۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فصلی فلم یرفع یدیہ الا فی اول مرۃ یعنے علقمہ سے روایت ہے (رضی اللہ عنہ) کہ فرمایا عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما نے کیا نہ پڑھاؤں میں تمکو نماز مثل نماز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

پھر پڑھی نماز۔ نہ اٹھائے اپنے ہاتھ مگر وقت تکبیر اولی کے۔ یہ حدیث شریف ترمذی میں ہے۔ کہا ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ حدیث حسن ہے اور اسکے مضمون کی حدیث براء بن عازب سے بھی آئی ہے۔

۳۔ حدیث شریف عن البراء بن عازب ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا افتتح الصلوۃ یرفع یدیہ الی قریب من اذنیہ ثم لا یعود۔ یعنے روایت ہے براء بن عازب رضی اللہ عنہما سے کہ تحقیق رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تھے کہ جبوقت شروع کرتے نماز کو اٹھاتے اپنے دونو ہاتھ قریب کانوں کے پھر دوبارہ نہ اٹھاتے ساری نماز میں۔ یہ حدیث ابوداؤد میں ہے۔

۴۔ حدیث شریف عن عبداللہ بن مسعود قال صلیت خلف النبی صلی اللہ علیہ وسلم وابی بکر وعمر فلم یرفعوا ایدیھم الا عند افتتاح الصلوۃ یعنے کہا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما نے کہ نماز پڑھی میں نے پیچھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور ابو بکر اور عمر رضی اللہ عنہما کے۔ سو انہوں نے رفع یدین نہیں کیا۔ مگر وقت شروع کرنے نماز کے۔

۵۔ حدیث شریف عن جابر بن سمرۃ قال خرج علینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ونحن رافعوا ایدینا فی الصلوۃ فقال ما لی اراکم رافعی ایدیکم کانھا اذناب خیل شمس اسکنوا فی الصلوۃ اخرجہ مسلم۔ یعنے جابر بن سمرہ سے روایت ہے کہ نکلے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم پر در انحالیکہ ہم اٹھانے والے تھے ہم ہاتھوں کو نماز میں۔ فرمایا۔ کیا ہے مجھکو کہ دیکھتا ہوں میں تمکو کہ اپنے ہاتھوں کو اسطرح اٹھاتے ہو تم نماز میں جیسے دُمیں سرکش گھوڑوں کی ہلتی ہیں۔ سکون کرو یعنی ہاتھ نہ اٹھاؤ نماز میں۔ روایت کیا اسکو صحیح مسلم میں۔

علاوہ ازیں بہت سی احادیث فعلی و قولی ہیں جن سے منع کرنا رفع یدین کا ثابت ہے۔ پہلے اس سے جو حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیطرف سے رفع یدین کا کرنا بموجب حدیث فعلی کے آیا ہے وہ حکم منسوخ ہو چکا ہے کیونکہ وہ ابتداء اسلام میں ہوا تھا۔ جیسے کہ عینی شرح بخاری میں

درج ہے انہ کان فی بدء الاسلام ثم نسخ یعنے تھا یہ امر ابتدا اسلام میں۔ پھر منسوخ ہوگیا سو دلیل اُسکے نسخ کی یہ ہے **حدیث شریف** ان عبد اللہ بن الزبیر رأی رجلا یرفع یدیہ فی الصلوۃ عند الرکوع وعند رفع رأسہ من الرکوع فقال لا تفعل فان ھذا شئ فعلہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثم ترکہ یعنے تحقیق عبد اللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما نے ایک شخص کو رفع یدین کرتے دیکھا وقت رکوع اور قومہ کے۔ کہا نہ کر تو یہ کام اسواسطے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ کام کیا تھا۔ پھر ترک کر دیا اُسکو۔ **دوسری دلیل** حدثنا ابو داؤد الحدیث یعنے کہا طحاوی رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کی مجھکو ابو داؤد نے اسکو احمد بن عبد اللہ بن یونس نے اُسکو ابو بکر بن عیاش نے اُسکو حصین نے اُسنے روایت کی مجاہد سے کہا مجاہد نے کہ نماز پڑھی میں نے پیچھے عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے سوا رفع یدین کیا انھوں نے۔ مگر تکبیر اولی میں نماز کی۔ کہا طحاوی رحمۃ اللہ علیہ نے کہ یہ وہی عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ہیں کہ کرتے تھے رفع یدین وقت رکوع اور قومہ کے پھر ترک کیا بعد وفات نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے۔

اس معاملہ رفع یدین میں مابین حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ اور امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ کے مکہ معظمہ میں مناظرہ ہوا تھا جسمیں حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ غالب ہوئے اور امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ ساکت ہوئے۔ یہ مناظرہ عمدہ طور پر فتح القدیر میں اور عقود الجواہر المنیفہ کے صفحہ ۶۰ جلد اول مطبوعہ مصر میں درج ہے۔

اب غور سے بنظر انصاف متعصب کو شرم کرنی چاہیئے کہ آپ نے صرف ایک حدیث فعلی بیان کی اور برعکس اسکے آیت و احادیث جو فعلی اور قولی ہیں اونپر تعصبانہ خیال نہوا اگر آیت اور قولی حدیث پر نظر ہوتی تو البتہ راہ راست معلوم ہو جاتا۔ مگر آپ کو تعصب نے ایسا گھیرا ہے کہ آیت اور انکی احادیث نظر نہ آئیں۔ شاید یہ عینک کا قصور ہے نہیں بلکہ غرض اس سے دھوکا دہی اور عوام

چاہِ ضلالت ہیں ڈالکر خود محدث کے لقب سے ملقب ہونا پسند ہے۔ اور اپنے گھر کے آئینہ میں آدمیوں کا گذارہ کرنا ہے۔

خانہ کعبہ میں چار مصلے

